106475- ہوائی جہاز کا مسافر روزہ کب افطار کرے

سوال

رمضان المبارک کے ایام میں ایک مسافر اپنے ملک سعودی عرب جارہا تھا، سفر عصر کے بعد شروع ہوا اور فلائٹ اڑنے کے کچھ ہی دیر بعد اعلان کیا گیا کہ کراچی میں روزہ افطار کرنے کا وقت ہوگیا ہے، لیکن سب مسافروں کو ابھی آسمان پر سورج نظر آرہا تھا، اس حالت میں روزہ افطاری کرنے والے شخص کا حکم کیا ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

سب اہل علم اس پر متفق ہیں کہ روزہ
طلوع فجر سے شروع ہوکر غروب آفتاب تک ہوتا ہے.

کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان
ہے :

.{اور صبح کا سیاہ دھاگہ رات کے سیاہ
دھاگے سے واضح ہونے تک کھاتے پیتے رہو، پھر رات تک روزہ کو پورا کرو}.البقرۃ(187
).

اوراس لیے بھی کہ رسول کریم صلی اللہ
علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جب ادھر سے رات آجائے اوریہاں سے
چلی جائے اور سورج غروب ہوجائے توروزے دار کا روزہ افطار ہوگیا"

اوراس لیے کہ ہر روزے دار کے لیے اس
جگہ کا حکم ہوگا جہاں وہ موجود ہو چاہے زمین کی سطح پر ہو یا پھر فضاء میں ہوائی
جہاز کے اندر.

اس بنا پر جس شخص نے بھی ہوائی جہاز
میں ہوتے ہوئے کسی بھی علاقے کے اعتبار سے روزہ افطار کیا اوراسے علم ہو کہ سورج
غروب نہیں ہوا تو اس کا روزہ فاسد ہے؛ کیونکہ اس نے سورج غروب ہونے سے پہلے ہی روزہ
افطار کرلیا ہے، لہذا اسے اس دن کے روزے کی قضاء میں روزہ رکھنا ہوگا " انتہی

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے

والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اور صحابہ

کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے" انتہی

الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن

باز.

الشیخ عبدالرزاق عفیفی.

الشیخ عبداللہ بن غدیان.

الشیخ عبداللہ بن منیع.